© rasailojaraid.com



خادم حسین

# زباں میری ہے بات اُن کی

— میری بیٹی کی جان کو خطرہ ہے۔ (نصرت بھٹو)

پریشان کرنے والوں کو پریشاں ہم نے دیکھا ہے۔

— ہم نے دل کھول کر شیروں کی طرح لائسنس دیے۔ (چودھری اعتزاز احسن)

چورا چکا چودھری تے غنڈی رن پردھان

— بے نظیر نے پاکستان میں بجٹ پاس کرنے اور بچے پیدا کرنے کے سوا کچھ نہیں کیا۔ (بین الاقوامی ذرائع ابلاغ)

اس سے اچھا اور کیا کام کریں!

— اسمبلیاں توڑنے سے جمہوریت کا مستقبل خطرے میں پڑ گیا ہے۔ (ایک خبر)

ملک کے مقابلے میں محترمہ جمہوریت کیا وقعت رکھتی ہیں۔

— مولانا فضل الرحمٰن جب چاہیں اور جہاں چاہیں ان سے مل سکتی ہوں۔ (بے نظیر)

تجھ سے ملنا خوشی کی بات سہی — تجھ سے مل کر اداس رہتا ہوں

— خصوصی عدالت میں پیش نہیں ہوں گا۔ (حاکم زرداری)

صرف فوجی عدالت میں پیش ہونے کا انتظار کریں۔

— بے نظیر کو شوہر کی وضاحتیں کرنا پڑ رہی ہیں۔ ان کے ساتھ ہمدردی ہے (عابدہ حسین)

برسر اقتدار عورت کا معزول عورت کو پرسا!

— ملتان میں بارش کی کمی کی وجہ سے گرمی کی شدت میں اضافہ (ایک خبر)

اتنا تو فائدہ ہوا بارش کی کمی سے۔ اس شہر میں اب کوئی پھسل کر نہیں گرتا

— لوگوں سے غیر مہذب سلوک کرنے والے پولیس والوں کو معافی نہیں ملے گی۔ (آئی جی پنجاب)

پولیس اور تہذیب؛ لاحول ولا قوۃ الا باللہ۔

— مختلف شہروں میں اسمبلیوں کے توڑے جانے پر آتش بازی اور مٹھائی تقسیم کی گئی۔ (ایک خبر)

© rasailojaraid.com

© rasailojaraid.com



کہ "اک مصیبت سے جان چھوٹی ہے"

—— کیا اسلامی ہے، اور کیا غیر اسلامی، فیصلہ صرف عوام کے نمائندے کر سکتے ہیں۔ (یحییٰ بختیار)

اکثر لوگ دماغ کی بجائے پیٹ سے سوچتے ہیں۔

—— جمہوریت کی جوان مرگی افسوسناک ہے۔ (نوابزادہ نصراللہ خان)

حُقّہ چھکیا اے دم لا کے ......... تساں آیاں دیاں کیہہ خوشیاں، گگے وَیندے ہو غم لا کے۔

—— خواتین کے بغیر اسمبلیاں جمہوری نہیں ہوں گی۔ (تہمینہ دولتانہ)

جس طرح عورت کی تصویر کے بغیر کوئی اشتہار مکمل نہیں ہوتا۔

—— اقتدار کی برطرفی کے بعد بلاول ہاؤس میں پہلی پریس کانفرنس کے دوران بے نظیر کی آنکھوں میں آنسو آ گئے۔ (ایک خبر)

ے تم نے دیکھا ہے فقط باہر سے دیواروں کا رنگ
دل پہ کیا گذری پسِ دیوار آ کر دیکھئے!

—— نورانی کی صدام حسین کو اسلام دشمنوں کے خلاف دلیرانہ رویہ اختیار کرنے پر مبارکباد (خبر)

افریقہ کے تبلیغی دورہ کے لئے آپ کی ٹکٹ پکی ۔ !

—— بے نظیر تسبیح کے دانوں پر گنتی رہتی ہیں۔ کہ آصف زرداری نے کتنے کروڑ روپیہ جمع کر لیا ہے۔ (راجہ ظفر الحق)

آم کے آم —— گٹھلیوں کے دام !

—— پیپلز پارٹی ایک طرف ہم سے معاشقہ لڑاتی رہی۔ دوسری طرف ہمارے ساتھیوں کو ہمارے خلاف استعمال کیا۔ (ولی خان)

"مشرقی معشوق کی کہہ مکرنیاں" اور کیسے کہتے ہیں؟

—— "آئے گی پھر آئے گی" بے نظیر کی آمد پر اسلام آباد میں ہزاروں افراد کے نعرے۔ (ایک خبر)

ے دولتِ حسن بھی کیا چیز ہے اللہ اللہ! ساتھ پھرتے ہیں حسینوں کے تماشائی

(بقیہ صہ ۵۲ پر)

© rasailojaraid.com